06/02/2025

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپشیخ انوار الحق سے خبریں سُنئے

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے لئے ایک عوام دوست بجٹ پیش کرنے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ تیار کرنے میں عوامی نمائندوں کی شمولیت کی بدولت لوگونکی خواہشات اور توقعات کو پورا کیا جا سکتا ہے ۔

سول سیکریٹریٹ جموں میں بجٹ سے پہلے کی کل کی مشاورت میں اننت ناگ ، بڈگام ، کٹھوعہ اور سانبہ اضلا ع کے ارکانِ اسمبلی اور ضلع ترقیاتی کونسل کے چیر پرسنوں نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے حصہ لیا ۔

اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھرنے بھی بجٹ مشاورت میں آن لائن شرکت کی ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ یہ بجٹ سرکار سے نہیں بلکہ عوام کے ہاتھوں تیار ہو ۔

اس دوران وزیر اعلیٰ آج بارہمولہ ، کولگام ،رام بن اور ادھمپور کے اسمبلی ارکان اور ضلع ترقیاتی کونسلوں کے سربراہوں سے بجٹ مشاورت کر رہے ہیں ۔

جاوید احمد ڈار

محکمہ زرعی پیداوار ، دیہی ترقیات و پنچایت راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ بالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت خواتین کاشتکاروں کی با اختیاری جموں کشمیر کو دائمی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں مدد گار ثابت ہو رہی ہے ۔

انہوں نے کٹھوعہ ضلع کے تفصیلی دورے کے دوران ترقی پسند کاشتکاری کی سرگرمیوں کی HADP پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کسانوں خاص طور پر خواتین کسانوں کو کے تحت مدد فراہم کرنے پر زور دیا ۔

فوج

فوج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملی ٹنٹوں کی نقل و حرکت سے متعلق ایک اطلاع ملنے پر اہلکاروں نے ایک موبائل وہیکل چیک پوسٹ لگایا ،جہاں سے ایک تیز رفتار ٹرک کو رکنے کا اشارہ کیا گیا ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں فوج نے تفصیلات دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب ٹرک نے چیک پوسٹ کو تیز رفتاری کے ساتھ پار کیا اور اشارے کی طرف کوئی دھیان نہیں دیا ،تو فوج نے قریب 23 کلو میٹر مسافت تک اس کا تعاقب کیا اور گاڑی کے پہیوں پر گولیاں چلائیں ۔

فوجی ترجمان نے مزید بتایا کہ بعد میں جب یہ ٹرک سنگرامہ چوک میں رُک گیا تو اس میں سے برآمد شدہ ڈرائیور کو زخمی حالت میں GMC بارہمولہ پہنچایا گیا جہاں اسے مردہ قرار دیا گیا ۔

فوجی ترجمان نے کہا ہے کہ مال بردارٹرک کی تلاشی کے لئے نزدیکی پولیس تھانہ بھیج دیا گیا ہے ۔

افضل پرے

ضلع ترقیاتی کونسل کولگام کے چیرمین محمد افضل پرے نے مہلوک سابق فوجی منظور احمد وگے کے گھر جا کر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ متاثرہ کنبے کو ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی ۔

ہائیڈ آوٹ

سیکورٹی فورسز نے بارہمولہ ضلع سے ایک ہائیڈ آوٹ کا پتہ لگا کر وہاں سے کچھ اسلحہ اور ہتھیار بر آمد کر لیا ہے ۔ تفصیلات کے مطابق فوج اور جموں کشمیر پولیس کی ایک مشترکہ کاروائی کے دوران ضلع کے آنگن پتھری رام پور میں ایک مصدقہ اطلاع ملنے پر تلاشی کی کاروائی عمل میں لائی گئی ، جس دوران ایک کمین گاہ کو تباہ کر کے وہاں سے تین AK رائفلیں ، گیارہ AK 9، میگزین UBGL اور دو ہتھ گولے بر آمد کر لئے گئے ۔

چنار کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس بارے میں تحقیقات شرو ع کی گئی ہے ۔

حج کمیٹی

جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر کی ایک اطلاع کے مطابق ضلع گاندربل کے عازمین حج کے لئے مناسک حج سے متعلق ایک تربیتی پروگرام کا اہتمام ہے ۔ یہ پروگرام 15 فروری کو مرکزی حنفیہ جامع مسجد بیہامہ گاندربل میں صبح دس بجے شروع ہو گا ۔

محکمہ جنگلات کی طرف سے مامر کنگن گاندربل کے سات افراد کے خلاف ایک معاملہ درج کر لیا گیا ہے ۔ ان پر شجر کاری کے ایک پروجیکٹ کے دوران جنگلات کے اہلکاروں کو زد و کوب کرنے کا الزام ہے ۔

محکمہ ماہی پروری کے ڈائریکٹر عبدالمجید ٹاک نے ضلع بانڈی پورہ سے تعلق رکھنے والے کچھ ماہی گیروں میں تین تھری وہیلرس تقسیم کئے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ محکمہ ماہی گیروں کا معیار حیات بڑھانے کے لئے پُر عزم ہے ۔

سنکلپ ہب

خواتین کی با اختیاری سے متعلق بیٹی بچاو بیٹی پڑھاو پروگرام کے دس سال مکمل ہونے کی مناسبت سے سنکلپ ہب شوپیان نے ضلع کے محکمہ کھیل کود کے اشتراک سے طالب علموں کے لئے چند کھیل سرگرمیوں کا انعقاد کیا ۔

اُدھر سنکلپ ہب گاندربل کی طرف سے بھی مشن شکتی کے تحت ضلع کے آوان محلہ یار مقام میں خواتین کی با اختیاری سے متعلق ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ پروگرام کے دوران شرکاءکو بیٹی بچاو بیٹی پڑھاو اور دیگر بہبودی اسکیموں سے متعلق مدلل جانکاری دی گئی ۔

ڈپٹی کمشنر ز

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں ضلع میں ناگہانی آفات سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

میٹنگ میں پولیس ، SDRF بجلی ، ایجوکیشن ، ہیلتھ ، فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز ، PHE اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسروں نے شرکت کی ۔

ضلع ترقیاتی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودھن نے متعلقہ افسروں کی میٹنگ کے دوران ضلع میں پردھان منتری جن وِکاس کاریکرم کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ اقلیتی امور کی وزارت کی یہ اسکیم قبائلی آبادی والے علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے پر مرکوز ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****